© rasailojaraid.com

# شرائط الحاق وفاق المدارس العربیہ پاکستان

۱۔ ادارہ کا اہل السنۃ والجماعۃ حنفی دیوبندی ہونا ضروری ہے۔

۲۔ الحاق کی رکن عاملہ / نمائندہ وفاق کا معائنہ وسفارش لازمی ہے۔

۳۔ وفاق المدارس کے دستور وقواعد وضوابط کی پابندی ضروری ہے۔

۴۔ الحاق فیس۔ سالانہ فیس اور سالانہ ماہنامہ وفاق المدارس فیس کی پیشگی ادائیگی حسب ضابطہ ضروری ہے

۵۔ مطلوبہ کوائف کا صحیح پر کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر درخواست الحاق مسترد کردی جائے گی۔

۶۔ وفاق کے نظام امتحان کی پابندی بقاء الحاق کے لئے ضروری ہے۔

۷۔ وفاق المدارس کی مجلس شوریٰ کا فیصلہ قطعی ہوگا جس کے خلاف کسی عدالت میں رجوع نہ کیا جاسکے گا۔

۸۔ وفاق المدارس کے کسی بھی سطح کے کسی بھی فیصلہ کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

۹۔ معائنہ کے لئے معائنہ کنندہ سے رابطہ کرنا، ان کو معائنہ کے لئے لے جانا اور آمدورفت کے اخراجات برداشت کرنا مدرسہ / جامعہ کی ذمہ داری ہے۔

۱۰۔ مدرسہ / جامعہ کے معائنہ کے بعد مندرجہ ذیل شرح کے مطابق الحاق فیس اور سال رواں کی سالانہ فیس کی ادائیگی ضروری ہے۔

## فیس الحاق

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدارس تحفیظ، مدارس تجوید، مدارس ابتدائیہ، مدارس متوسطہ | = -/۷۰۰ روپے | | |
| مدارس ثانویہ | = -/۱۰۰۰ روپے | مدارس عالیہ | = -/۱۷۰۰ روپے |
| جامعات | = -/۲۲۰۰ روپے | | |

## سالانہ فیس

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدارس تحفیظ | = -/۴۰۰ روپے | مدارس تجوید | = -/۵۰۰ روپے |
| مدارس ابتدائیہ | = -/۳۰۰ روپے | مدارس متوسطہ | = -/۴۰۰ روپے |
| مدارس ثانویہ | = -/۶۰۰ روپے | مدارس عالیہ | = -/۱۲۰۰ روپے |
| جامعات | = -/۱۸۰۰ روپے | | |

فیس ماہنامہ وفاق المدارس سالانہ 150 روپے

© rasailojaraid.com